1

عزت مآب سیکریٹری،   تاریخ:02-04-2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان،

اسلام آباد۔

عنوان: درخواست برائے درستگی حلقہ بندی PS-125 ڈسٹرکٹ سینٹرل کراچی۔

جناب اعلیٰ،

میں درخواست گزار محمد ادریس ولد عبد اللہ شناختی کارڈ نمبر: 42101-0564727-3 پتہ مکان نمبر: B-138، سیکٹر 11-G، نیو کراچی ووٹر نمبر سلسلہ نمبر 292 گھرانہ نمبر 220۔ گزارش کرتا ہوں کہ موجودہ حلقہ بندی برائے PS125 درست نہیں ہے برائے مہربانی میری دی گئی تجاویز پر غور کیا جائے جو کہ تمام ضلع کے نقشوں اور تفصیلات کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے۔

1۔ PS125 کی جو حلقہ بندیاں کی گئی ہیں الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔

2۔ PS125 میں بسنے والی گودھرا برادری کو تین صوبائی حلقوں (130،124،123) تقسیم کیا گیا ہے۔

3۔ PS125 کے سب ڈویژن نیو کراچی کے چارج نمبر 19 کو PS123 میں شامل کیا گیا ہے جو کہ الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ مزید برآں Physical Features اور Public Convenience کی بھی خلاف ورزی ہے۔

4۔ گودھرا برادری سابقہ PS100 اور موجودہ PS125 میں قیام پاکستان کے بعد سے رہائش پزیر ہیں اور اس گودھرا برادری کی سماجی خدمات کی انجمنیں فعال ہیں۔

5۔ گودھرا برادری کی یہ غیر منصفانہ تقسیم ظاہر کرتی ہے کہ اس نئی حلقہ بندی میں بدنیتی اور بددیانتی شامل ہے۔

6۔ PS125 کے بلاک ایک تسلسل کے ساتھ موجود ہے لیکن اس نئی حلقہ بندی میں اس تسلسل کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا ہے جو کہ الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔

2

7۔ موجودہ حلقہ بندی سے گودھرا برادری اور گجراتی زبان بولنے والوں کو جان بوجھ کر سماجی، معاشی اور ذہنی طور پر مفلوج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

8۔ PS123 میں PS125 کے کچھ علاقے شامل کئے گئے ہیں جبکہ PS123 کا علاقہ سلسلہ وار ایک تسلسل کے ساتھ موجود ہے۔ یہ علاقے ایک Main Road چوہدری فضل الاہی روڈ کو کراس کر کے شامل کئے گئے ہیں اس عمل سے سازش کی بو محسوس ہو رہی ہے۔

9۔ اہلیان PS125 کی گزارش ہے کہ ہمارے صوبائی حلقہ کی حد بندی درست کی جائے اور سماجی، معاشی اور مقامی آبادیوں کو تقسیم نہ کیا جائے جو گزشتہ 06 دہائیوں سے پیار و محبت کے ساتھ رہائش پزیر ہے۔

10۔ جو میں نے PS125 کی حلقہ بندی تجویز کی ہے جس پر آئینی قانونی اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کے رولز کو مدِ نظر رکھتے ہوئے غور کیا جائے اور میری تجویز کنندہ حلقہ بندی ECP کے تمام تقاضے پورے کرتی ہے۔

عین نوازش ہوگی۔

درخواست گزار

محمد ادریس

0331-2075926